PREVENTION LINK کے لائٹ ہاؤس اقدام کی جانب سے پیش ہے

# اونٹاریو کا پیشہ ورانہ صحت اور تحفظ کا ایکٹ

– ایک معلوماتی کتابچہ –

## "کیا آپ اپنے حقوق جانتے ہیں؟"



### پیشہ ورانہ صحت اور تحفظ کیا ہے؟

اونٹاریو کا **پیشہ ورانہ صحت اور تحفظ کا ایکٹ (OHSA)** ورکرز کو حقوق فراہم کرتا ہے۔ یہ ایمپلائرز، سپروائزرز اور ورکرز کے فرائض مرتب کرتا ہے تاکہ **ملازمت گاہوں کو محفوظ تر بنایا جاسکے۔**

### OHSA کے تحت کسے تحفظ (کوریج) حاصل ہے؟

اونٹاریو میں کام کرنے والا **تقریباً ہر شخص**، خواہ وہ یونین کے زیر انتظام ہو یا نہ ہو، اسے OHSA کے ذریعے تحفظ حاصل ہے۔

### ایمپلائر کی ذمہ داری

ایمپلائرز کے لیے ہر وہ مناسب اقدام کرنا لازمی ہے جس سے **ورکرز کو تحفظ حاصل ہو۔** — OHSA 25(2)(h)

## ورکرز کے حقوق

» آپ کو دورانِ ملازمت اُن تمام خطرات کے بارے میں **جاننے کا حق** حاصل ہے جن کا آپ کو سامنا ہوسکتا ہو۔

» آپ کو صحت اور تحفظ کے خدشات کی نشاندہی اور حل کے عمل میں **شرکت کا حق** حاصل ہے۔

» آپ کو ایسے کسی بھی کام سے **انکار کا حق** حاصل ہے جو آپ کے خیال میں غیر محفوظ ہو۔

**آپ کے ایمپلائر کے لیے یہ غیر قانونی ہے** کہ وہ ان حقوق کو استعمال کرنے یا انہیں طلب کرنے کے باعث **آپ کو کوئی سزا دے** یا ڈرائے دھمکائے۔

## ورکرز کی ذمہ داریاں

ایک محفوظ اور صحت مند ملازمت گاہ کی برقراری میں مدد دینے کے لیے آپ پر بھی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ آپ کو لازماً:

» اس انداز سے **کام اور عمل کرنا ہوگا** جس سے آپ یا کسی اور کو نقصان نہ پہنچے۔

» کسی بھی خطرات یا چوٹوں کی **اطلاع** اپنے سپروائزر کو دینی ہوگی۔

» **قانون** اور ملازمت گاہ کی صحت اور تحفظ کی پالیسیوں اور دستورالعمل **پر عمل کرنا ہوگا۔**

» آپ کے ایمپلائر کی جانب سے درکار حفاظتی سازوسامان **پہننا اور استعمال کرنا ہوگا۔**

## جاننے کا حق

آپ کو **تربیت** پانے کا حق حاصل ہے:

- تاکہ اپنے کام کو محفوظ انداز میں کیا جائے
- یہ جانیں کہ ایمرجنسی یا چوٹ لگنے کی صورت میں کیا کرنا چاہیے

آپ کو اپنی ملازمت گاہ میں ممکنہ طور پر موجود کئی اقسام کے خطرات پر **معلومات** پانے کا حق حاصل ہے، بشمول:

- مشینری اور ایکوئپمنٹ
- کام کا ماحول
- دورانِ ملازمت تشدد اور ہراسانی

**OHSA آپ کے ایمپلائر پر یہ شرط عائد کرتا ہے کہ وہ آپ کو زخمی ہونے یا ملازمتی ذمہ داریوں سے متعلقہ بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے ہر موزوں اقدام کرے۔**

**OHSA** کے ساتھ ساتھ، ایسے ضوابط بھی ہیں جو یہ یقینی بنانے کے لیے آپ کے ایمپلائر پر شرط عائد کرتے ہیں کہ آپ اپنے کام کی انجام دہی کے لیے مناسب طور پر تربیت یافتہ اور آگاہی کے حامل ہوں۔ مثلاً:

» آپ کے ایمپلائر کو یہ لازماً یقینی بنانا ہوگا کہ آپ بنیادی **صحت اور تحفظ سے آگاہی کی تربیت** حاصل کریں۔

» اگر کام کے دوران آپ کا واسطہ **نقصان دہ کیمیکلز** یا دیگر خطرناک عناصر سے پڑتا ہے، تو آپ کو ان عناصر کے محفوظ استفادے اور استعمال پر تربیت پانے اور یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ ان سے صحت پر کونسے برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

» ایسے بہت سے دیگر خطرات بھی ہیں جن سے اگر آپ کا واسطہ پڑتا ہو تو آپ کو ان کے حوالے سے **تربیت پانے کا حق** حاصل ہے۔



## شرکتِ عمل کا حق

**OHSA** بآپ کو اپنی ملازمت گاہ محفوظ اور صحت مند بنانے اور برقرار رکھنے میں مدد دینے کے لیے شمولیت اور شرکتِ عمل کا حق دیتا ہے۔ زیر ملازمت ورکرز کی تعداد کی بنیاد پر، ملازمت گاہوں میں درج ذیل سہولیات ضرور ہونی چاہئیں:

| HSR | JHSC |
| --- | --- |
| HEALTH AND SAFETY REPRESENTATIVE | JOINT HEALTH AND SAFETY COMMITTEE |
| **صحت اور تحفظ کا نمائندہ** | **صحت اور تحفظ کی مشترکہ کمیٹی** |
| جو ورکرز میں سے ہی کوئی فرد ہونا چاہیے۔ | جس میں سے نصف کمیٹی ورکرز پر مشتمل ہو۔ |
| **6 سے 19 زرکرو** | **20 سے زیادہ ورکرز** |

» اگر کسی چیز کے حوالے سے آپ بے یقینی میں مبتلا ہوں تو **سوالات پوچھیں۔**

» ہر ورکر کا یہ حق اور ذمہ داری ہے کہ وہ دورانِ ملازمت موجود **کسی بھی خطرات کی اطلاع** اپنے سپروائزر کو دے۔

» آپ اپنی ملازمت گاہ میں ممکنہ خطرات کی **نشاندہی** کرکے اپنے HSR یا JHSC کے ورکر رکن کی مدد کرسکتے ہیں۔

» آپ **رضاکارانہ طور پر** ایک HSR یا JHSC کے ورکر رکن کی ذمہ داریاں نبھا سکتے ہیں یا پھر آپ کی یونین بھی ان ذمہ داریوں کے لیے آپ کا **تقرر کرسکتی ہے۔**



## غیر محفوظ کام سے انکار کرنے کا حق

جب آپ کو درج ذیل باتوں کا **یقین** ہو تو آپ کو غیر محفوظ کام سے انکار کا حق حاصل ہے:

» جو کام آپ کر رہے ہوں یا جو **ایکوئپمنٹ یا مشینری** آپ استعمال کر رہے ہوں آپ یا کسی اور کو زخمی کرسکتی ہو یا ملازمت گاہ کی ظاہری حالت خطرناک ہو؛ یا

» اگر آپ **ملازمت گاہ میں تشدد** کے خطرے سے دوچار ہوں تب بھی آپ کو کام سے انکار کا حق حاصل ہے۔

### غیر محفوظ کام سے انکار کیسے کیا جائے

**01**

غیر محفوظ کام سے انکار کرنے پر، آپ کو لازماً **فوری طور پر اپنے ایمپلائر یا سپروائزر کو بتانا ہوگا۔**

**02**

آپ کے ایمپلائر پر HSR یا JHSC کے ورکر رکن سے **تفتیش کی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔**

**03**

تفتیش مکمل ہونے تک، آپ کو لازماً **اپنے ورک اسٹیشن کے قریب، ایک محفوظ جگہ** پر رہنا چاہیے۔

**04**

اگر ایمپلائر کی تفتیش کے بعد بھی **معقول بنیادوں** پر آپ کا خیال ہو کہ آپ کا کام ابھی بھی خطرات کا حامل ہے، تو آپ کے ایمپلائر کے لیے لازم ہوگا کہ وہ تفتیش کے لیے **وزارتِ محنت کے انسپکٹر** کو بلائے۔



## کیا آپ کو معلوم تھا؟

**28 اپریل** کینیڈا کا سرکاری طور پر **قومی یومِ سوگ** ہے جو دورانِ ملازمت ہلاک یا زخمی ہونے والے ورکرز کے لیے منایا جاتا ہے۔ 1984 سے کینیڈین یونینز کی جانب سے اس کا اہتمام کیے جانے کے بعد، 1991 میں اسے کینیڈا کی حکومت کی جانب سے باضابطہ طور پر تسلیم کرلیا گیا، اور تب سے اب تک 100 سے زائد ممالک میں اس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ورکرز، ان کے گھرانے اور ان کی یونینز 28 اپریل کو جمع ہو کر کینیڈا اور پوری دنیا میں ہلاک یا زخمی ہونے والے ورکرز کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں اور عموماً ان کے احترام میں تعمیر کردہ مقامی یادگاروں پر پھول چڑھاتے ہیں۔

## اپنی ملازمت گاہ میں صحت اور تحفظ کو بہتر بنانا

اپنے JHSC یا HSR کے بارے میں جانیں۔ صحت اور تحفظ کے خدشات کے بارے میں ان سے اور اپنے ساتھی ملازمین سے بات کریں۔ اگر آپ کا ایمپلائر خدشات کا تدارک نہ کرے، تو آپ متعلقہ کام کو اپنے لیے غیر محفوظ سمجھنے کی صورت میں اس سے انکار کرسکتے ہیں۔ آپ **0008-202-877-1** پر وزارتِ محنت سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں یا www.labour.gov.on.ca پر مزید معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

## اگر میں کام کے دوران زخمی ہو جاؤں تو کیا کرنا چاہیے؟

اگر آپ کام کے دوران زخمی ہو جائیں یا زہریلے کیمیکلز کی قربت کے باعث بیمار ہو جائیں، تو آپ کو لازماً:

» **طبی امداد کے لیے رجوع کرنا چاہیے** (ابتدائی طبی امداد اور/یا ہیلتھ کیئر)۔

» جلد از جلد **اپنے ایمپلائر کو آگاہ کرنا چاہیے۔**

» متعلقہ تفصیلات کا **ریکارڈ محفوظ رکھنا چاہیے۔**



## اگر ایمپلائر آپ کو سزا دے یا دھمکائے تو؟

اگر آپ کے خیال میں صحت اور تحفظ کے خدشات پر آواز اٹھانے یا اپنے صحت اور تحفظ کے حقوق استعمال کرنے پر آپ کا ایمپلائر آپ کے خلاف اقدام کر رہا ہو، تو آپ وزارتِ محنت سے یا اگر آپ کی یونین موجود ہو تو اس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کسی یونین سے تعلق نہ رکھتے ہوں تو آپ **دفتر برائے ورکر ایڈوائزر** (1-855-659-7744) یا **ورکرز کے صحت اور تحفظ کے قانونی کلینک** (1-877-832-6090) **آپ تنہا نہیں ہیں!**

cope LOCAL 343

» preventionlink.ca

PREVENTION LINK DISABILITY PREVENTION AT WORK

LIGHTHOUSE INITIATIVE
» PREVENTION LINK